بیماری کے دوران اشارے سے پڑھی گئی نمازوں کو دوبارہ پڑھنا ہوگا یا نہیں؟

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2220

تاریخ اجراء: 09 جمادی الاولی 1445 ھ/24 نومبر 2023ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ اگر کوئی شخص بیمار ہو اور بیماری کی وجہ سے کھڑے ہو کر نماز نہ پڑھ سکے بیڈ پر ہو اشارہ سے نماز پڑھ رہا ہو تو جب صحت یاب ہو گا تو وہ نمازیں جو اس نے اشارے سے پڑھی ہیں وہ دوبارہ پڑھنی ہوں گی؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

جو شخص کھڑے ہو کر نماز ادا نہیں کر سکتا تو وہ بیٹھ کر رکوع و سجود کے ساتھ نماز ادا کرے، اگر وہ بیٹھ کر رکوع و سجود کے ساتھ نماز ادا کرنے پر قادر ہے تو اس صورت میں رکوع و سجود کے بجائے اشارے کرنے سے اس کی نماز نہیں ہو گی، لہذا ایسی صورت میں جو نماز اشارے سے پڑھی اس کو دہرانا ہو گا اور توبہ بھی کرنی ہو گی۔ ہاں اگر واقعی ایسی بیماری ہے کہ جس کی وجہ سے وہ بیٹھ کر بھی رکوع و سجود نہیں کر سکتا تو اسے رکوع و سجود کی جگہ اشارے کے ساتھ نماز پڑھنے کی اجازت ہو گی اور جب تک یہ کیفیت رہے، اس وقت تک جتنی نمازیں وہ اشارے سے پڑھے گا، صحت حاصل ہونے کے بعد ان نمازوں کو دوبارہ پڑھنا اس پر لازم نہیں ہو گا۔

مجمع الانہر میں ہے"(عجز عن القيام ۔۔۔أو خاف زيادة المرض ۔۔۔بسببه) أي القيام (صلى قاعدا ۔۔۔يركع ويسجد) إن قدر ولا يترك كهما بترك القيام"ترجمہ: جو شخص قیام سے عاجز ہو یا قیام کے سبب اسے مرض زیادہ ہونے کا خوف ہو تو وہ بیٹھ کر رکوع و سجود کے ساتھ نماز ادا کرے اگر رکوع و سجود پر قادر ہو، اور قیام ترک کرنے کی وجہ سے رکوع و سجود ترک نہ کرے۔(مجمع الانہر، کتاب الصلاۃ، ج1، ص154، دار إحياء التراث العربي)

النتف فی الفتاوی میں ہے"يصليها قاعدا يؤمن ايماء وهو يقدر على الركوع والسجود فانها لا تجزيه في قول الفقهاء" ترجمہ: بیٹھ کر نماز پڑھنے والا اگر رکوع و سجود پر قادر ہو، پھر بھی وہ رکوع و سجود کے اشارے سے نماز پڑھے تو فقہاء کے قول کے مطابق اسے یہ نماز کفایت نہیں کرے گی۔(النتف فی الفتاوی، ص112، دار الفرقان)

بہارِ شریعت میں اشاروں سے پڑھی گئی نمازوں کے متعلق ہے:"اشارہ سے جو نمازیں پڑھی ہیں صحت کے بعد ان کا بھی اعادہ نہیں۔"(بہار شریعت، ج01، حصہ04، ص722، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net